4923CH04

سبق – 4

پھل پھوؔل

کھِلے پھوؔل بیلے کے وہ لاجواب
وہ پھولے ہزاروں طرح کے گلاب

وہ پھوؔلی چنبیلی، کھِلا موگرا
کھِلی چاندنی باغ میں جا بہ جا

وہ پھوؔلی نواڑی، کھِلی کاسنی
وہ لالہ کھِلا وہ کھِلی کامنی

یہ فطرت کا ہے قدرتی انتظام
کھِلے پھول لاکھوں طرح کے تمام

گریں پھولوں پر شہد کی مکّھیاں
وہ چھتّوں سے جُھکنے لگیں ٹہنیاں

وہ انگوؔر وہ رس بھری لیچیاں
لٹکتی ہیں آموں کی وہ کیریاں

اناروں میں کلیاں بھی لو آگئیں
وہ کیلوں کی پھلیاں بھی گدرا گئیں

© NCERT not to be republished



بِہی، سیب، امرُود پکنے لگے
وہ شاخوں میں گولے چمکنے لگے

وہ پک کر شریفے بھی سب کھِل گئے
ٹپک پڑتے ہیں جو ذرا ہِل گئے

لدی ہیں درختوں میں نارنگیاں
جھکی پڑتی ہیں بوجھ سے ڈالیاں

ہیں اِس شانِ قدرت پہ ہر دم نثار
دکھائی ہمیں جس نے کیا کیا بَہار

(بےنظیر شاہ وارثی)

© NCERT not to be republished

مشق

1۔ پڑھیے اور سمجھیے:

لاجواب	:	جس کا کوئی جواب نہ ہو، بے مثال
جابہ جا	:	جگہ جگہ
گدرانا	:	اَدھ پکا ہونا، کچا پکا
بِہی	:	ایک پھل کا نام، ناشپاتی سے ملتا جلتا ایک پھل
شانِ قدرت	:	قدرت کی شان، خدا کی شان
نثار	:	قربان، نچھاور

2۔ سوچیے اور بتائیے:

1۔ نظم میں کن کن پھولوں کے نام آئے ہیں؟

2۔ شاعر نے فطرت کے کس قدرتی انتظام کی طرف اشارہ کیا ہے؟

3۔ نظم میں کن کن پھلوں کے نام آئے ہیں؟

4۔ شاخوں میں گولے چمکنے سے کیا مراد ہے؟

5۔ قدرت کی شان پہ ہم کیوں نثار ہو رہے ہیں؟

3۔ نیچے دی ہوئی خالی جگہوں کو بھریے:

1۔ کھلے پھول بیلے.............وہ لاجواب

2۔ کھلی چاندنی باغ...............جا بہ جا

3۔ یہ فطرت.............ہے قدرتی انتظام

4۔ گریں پھولوں............شہد کی مکھیاں

5۔ لٹکتی ہے آموں.............وہ کیریاں

6۔ جھکی پڑتی ہیں بوجھ............ڈالیاں

© NCERT not to be republished

4۔ نظم کے مطابق حصہ 'الف' اور 'ب' کے صحیح جوڑ ملایئے:

الف	ب
یہ فطرت کا ہے قدرتی انتظام	وہ شاخوں میں گولے چمکنے لگے
گریں پھولوں پر شہد کی مکھیاں	کھلے پھول لاکھوں طرح کے تمام
اناروں میں کلیاں بھی لو آگئیں	کھلی چاندنی باغ میں جا بجا
وہ پھولی چنبیلی، کھلا موگرا	وہ چھتّوں سے جھکنے لگیں ٹہنیاں
بہی، سیب، امرود پکنے لگے	وہ کیلوں کی پھلیاں بھی گدرا گئیں

5۔ نیچے دیے ہوئے لفظوں کو واحد بنا کر لکھیے:

ڈالیاں   لیچیاں   مکھیاں   ٹہنیاں   نارنگیاں   پھلیاں

کیریاں   درختوں   کلیاں   آموں   شاخوں   پھولوں

6۔ نیچے دیے ہوئے لفظوں کو جملوں میں استعمال کیجیے:

لاجواب   چاندنی   انتظام   شہد   باغ

7۔ عملی کام:

☆ اپنی پسند کے پانچ پھولوں اور پانچ پھلوں کے نام لکھیے۔

© NCERT not to be republished